# سُوْرَۃُ طٰہٰ

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

سوال نمبر 1۔ درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

1۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی ذکر ہے: 091102001

(الف) سورۃ مریم میں (ب) سورۃ طٰہٰ میں (ج) سورۃ الحج میں (د) سورۃ الانبیاء میں

2۔ سورۃ طٰہٰ کو سن کر مسلمان ہوئے: (بورڈ 2023ء) 091102002

(الف) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(ج) حضرت علی کرم اللہ وجھہ (د) حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

3۔ حق کا انکار کرنے والوں کے بارے میں مظاہرہ کرنا چاہیے: 091102003

(الف) جلد بازی کا (ب) زبردست غصے کا (ج) شعلہ بیانی کا (د) صبر و تحمل کا

4۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ ہے: 091102004

(الف) پانی میں برکت (ب) چاند کے دو ٹکڑے ہونا (ج) واقعہ معراج (د) قرآنِ مجید

5۔ اصل کامیابی کا فیصلہ ہوگا: 091102005

(الف) نتیجے کے دن (ب) عید کے دن (ج) قیامت کے دن (د) حج کے دن

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

6۔ سورۃ طٰہٰ ہے: 091102006

(الف) مکی (ب) مدنی (ج) آخری سورت (د) مکی، مدنی سورت

7۔ سورۃ طٰہٰ کی کل آیات ہیں: 091102007

(الف) 98 (ب) 112 (ج) 63 (د) 135

8۔ سورۃ طٰہٰ کا نام رکھا گیا: 091102008

(الف) حروف مقطعات پر (ب) مسبحات کی بنا پر

(ج) مضمون کے اعتبار پر (د) انبیاء کرام علیھم السلام کے حوالے سے

9۔ سورۃ طٰہٰ کے رکوع ہیں: 091102009

(الف) چار (ب) پانچ (ج) سات (د) آٹھ

10۔ سورۃ طٰہٰ کے پہلے پانچ رکوعوں میں کس کی زندگی کا بیان ہے؟ 091102010

(الف) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی



www.ilmkidunya.com

(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی (د) حضرت نوح علیہ السلام کی

11۔ سورۃ طٰہٰ کی آیات سن کر کن کے دل میں اسلام گھر کر گیا؟ 091102011

(الف) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (ب) حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

(ج) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (د) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

12۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس سورت کی تلاوت سن کر مسلمان ہوئے: 091102012

(الف) سورۃ مریم (ب) سورۃ الانبیاء (ج) سورۃ طٰہٰ (د) سورۃ القصص

13۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے سورۃ طٰہٰ کو قرار دیا: 091102013

(الف) محبوب سورت (ب) قدیم مال (ج) قیمتی اثاثہ (د) قدیم مال اور قیمتی اثاثہ

14۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کن کے گھر تشریف لے گئے اور سورۃ طٰہٰ کی تلاوت سنی: (بورڈ 2023ء) 091102014

(الف) اپنی بہن کے گھر (ب) اپنے بھائی کے گھر (ج) اپنے پڑوسی کے گھر (د) اپنے دوست کے گھر

15۔ سورۃ طٰہٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے مراحل بیان ہوئے ہیں: 091102015

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

16۔ سورۃ طٰہٰ کے آخری تین رکوعوں میں بیان ہے: 091102016

(الف) توحید (ب) رسالت (ج) آخرت (د) ان تینوں کا

17۔ سورۃ طٰہٰ میں مختصر تذکرہ کیا گیا: 091102017

(الف) حضرت آدم علیہ السلام کا (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا

(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا (د) اللہ کی صفات کا

18۔ قیامت کے دن پچھتائیں گے: 091102018

(الف) غریب لوگ (ب) نصیحت سے اعراض کرنے والے

(ج) امیر لوگ (د) تمام لوگ

19۔ ہمیں اللہ سے سورۃ طٰہٰ کے مطابق دعا کرتے رہنا چاہیے: 091102019

(الف) جاہ وحشمت کی (ب) اولاد کی (ج) علم میں اضافہ کی (د) دنیوی واخروی کامیابی کی

20۔ ہم سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کروانا چاہتا ہے: 091102020

(الف) دوست (ب) نفس (ج) شیطان (د) جن

21۔ سورۃ طٰہٰ کے مطابق اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں رکھی ہے: 091102021

(الف) شیطان کی فرماں برداری (ب) شرم وحیا (ج) گناہ کرنا (د) نفس پرستی

www.ilmkidunya.com

جوابات:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ب | 2 | الف | 3 | د | 4 | د | 5 | ج |
| 6 | الف | 7 | د | 8 | الف | 9 | د | 10 | ج |
| 11 | ج | 12 | ج | 13 | د | 14 | الف | 15 | ج |
| 16 | د | 17 | الف | 18 | ب | 19 | ج | 20 | ج |
| 21 | ب | | | | | | | | |

## مشقی مختصر سوالات

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیجیے۔

091102022

س1: سورۃ طٰہٰ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

جواب: سورۃ طٰہٰ ان سورتوں میں سے ہے جن کے نام حروف مقطعات پر رکھے گئے ہیں۔ اس سورت کا آغاز حروفِ مقطعات میں سے "طٰہٰ" سے ہوتا ہے اور اسی مناسبت سے اس سورت کا نام رکھا گیا ہے۔

091102023 (بورڈ 2023ء)

س2: سورۃ طٰہٰ کا خلاصہ کیا ہے؟

جواب: سورۃ طٰہٰ کا خلاصہ "حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی تذکرہ اور پھر توحید، رسالت اور آخرت کا بیان" ہے۔

091102024

س3: سورۃ طٰہٰ کے علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: سورۃ طٰہٰ کا مطالعہ کرنے سے جو علمی و عملی نکات معلوم ہوتے ہیں، ان میں کچھ یہ ہیں:

i۔ اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا مکمل علم ہے دنیا میں کوئی چیز اس سے چھپی ہوئی نہیں۔ (سورۃ طٰہٰ: 8)

ii۔ دنیا اور آخرت کی سلامتی ان کے لیے ہے جو ہدایت کی پیروی کریں۔ (سورۃ طٰہٰ: 47)

## اضافی مختصر سوالات

091102025

س4۔ سورۃ طٰہٰ مکی ہے یا مدنی اور کتنی آیات ہیں؟

جواب: سورۃ طٰہٰ مکی سورت ہے۔ اس میں ایک سو پینتیس (135) آیات ہیں۔

091102026

س5۔ سورۃ طٰہٰ کی وجہ تسمیہ لکھیں۔

جواب: سورۃ طٰہٰ ان سورتوں میں سے ہے جن کے نام حروف مقطعات پر رکھے گئے ہیں۔ اس سورت کا آغاز حروفِ مقطعات میں سے "طٰہٰ" سے ہوتا ہے اور اسی مناسبت سے اس سورت کا نام رکھا گیا ہے۔

091102027

س6۔ سورۃ طٰہٰ کی فضیلت لکھیں۔

جواب: جن سورتوں کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: کہ یہ میرا قدیم مال اور قیمتی اثاثہ ہیں ان میں سے ایک سورۃ طٰہٰ بھی ہے۔ (صحیح بخاری، کتاب تفسیر القرآن: 4739)

www.ilmkidunya.com

س7۔ سورۃ طٰہٰ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قبول اسلام کا واقعہ بیان ہوا ہے مختصراً بیان کریں۔ 091102028

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کے واقعہ میں یہ تذکرہ ملتا ہے کہ جب وہ اپنی بہن کے گھر تشریف لے گئے اور انھوں نے اپنی بہن سے سورۃ طٰہٰ کی تلاوت سنی تو ان کے دل میں اسلام گھر کر گیا اور انھوں نے اسی وقت اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کیا۔

س8۔ سورۃ طٰہٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے کتنے اور کون سے مراحل بیان ہوئے ہیں؟ بیان کریں۔ 091102029

جواب: سورۃ طٰہٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے تین مراحل بیان کیے گئے ہیں:

ا۔ پیدائش سے مدین ہجرت فرمانے تک۔

۲۔ مدین سے صحرائے سینا کی طرف ہجرت۔

۳۔ صحرائے سینا ہجرت کے بعد سے وصال تک کا دور۔

س9۔ سورۃ طٰہٰ کے پہلے پانچ رکوعوں میں کس کی تفصیلی زندگی کا تذکرہ ہے؟ 091102030

جواب: سورۃ طٰہٰ کے آٹھ میں سے پانچ رکوعوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی بیان فرمائی گئی ہے۔

س10۔ سورۃ طٰہٰ کے آخری تین رکوعوں میں کس کا بیان ہے؟ 091102031

جواب: سورۃ طٰہٰ کے آخر کے تین رکوعوں میں توحید، رسالت اور آخرت کا بیان ہے۔ اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرتوں اور صفات کا ذکر ہے۔

س11۔ سورۃ طٰہٰ کے آخر میں اللہ کا کون سا قانون بیان ہوا ہے؟ 091102032

جواب: سورۃ طٰہٰ کے آخر میں یہ سمجھایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ وہ کسی قوم کو اس کے کفر اور انکار پر فوراً نہیں پکڑتا بلکہ مہلت دیتا ہے۔

س12۔ قرآن مجید پر عمل نہ کرنے والوں کی کیا نشانیاں بیان ہوئی ہیں؟ 091102033

جواب: قرآن مجید پر عمل نہ کرنے والوں کی دنیاوی زندگی تنگ کر دی جاتی ہے۔ یعنی ان کی دنیا ویران کر دی جاتی ہے۔

س13۔ حق والوں کو دعوت دین کا کام کیسے کرنا چاہیے؟ 091102034

جواب: حق والوں کو دین کی دعوت کا کام صبر کے ساتھ کرتے رہنا چاہیے اور حق کا انکار کرنے والوں کے معاملے میں جلد بازی اور بے صبری کا مظاہر نہیں کرنا چاہیے۔

س14۔ سورۃ طٰہٰ کے کوئی سے دو مضامین لکھیں۔ 091102035

جواب: i۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کا تفصیلی تذکرہ ہے۔

ii۔ توحید، رسالت اور آخرت کا بیان ہے۔

سوال نمبر3۔ درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔ (بورڈ2023ء) 091102036

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| صَدْرِیْ | میرا سینہ | اِشْرَحْ | کھول دے |
| اُحْلُلْ | کھول دے | یَسِّرْ | آسان کردے |
| اَخِیْ | میرا بھائی | لِسَانِیْ | میری زبان |

www.ilmkidunya.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَزْرِیْ | میری کمر | اُشْدُدْ | مضبوط کردے |
| نُسَبِّحَكَ | ہم تیری تسبیح بیان کریں | کَیْ | تاکہ |
| قَدْ | یقیناً | بَصِیْرٌ | خوب دیکھنے والا |
| مَرَّةً اُخْرٰی | ایک مرتبہ اور بھی | مَنَنَّا | ہم نے احسان کیا |

**سوال نمبر 4۔ سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 37-25 کا ترجمہ لکھیں۔**

جواب:

☆ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝ 091102037

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے ربّ! میرے لیے میرا سینہ کھول دے۔ اور میرے لیے میرا کام آسان بنادے۔

☆ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝ 091102038

ترجمہ: اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔

☆ وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ ۝ هٰرُوْنَ اَخِی ۝ (بورڈ2023ء) 091102039

ترجمہ: اور میرا ایک وزیر (مددگار) مقرر فرمادے میرے گھر والوں میں سے۔ (یعنی) میرے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو۔

☆ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِیْ ۝ وَاَشْرِكْهُ فِیْٓ اَمْرِیْ ۝ 091102040

ترجمہ: اس سے میری قوت کو مضبوط فرمادے۔ اور اسے میرے کام میں شریک فرمادے۔

☆ كَیْ نُسَبِّحَكَ كَثِیْرًا ۝ وَّنَذْكُرَكَ كَثِیْرًا ۝ (بورڈ2023ء) 091102041

ترجمہ: تاکہ (یک جان ہوکر) ہم کثرت سے تیری پاکی بیان کریں۔ اور کثرت سے تیرا ذکر کریں۔

☆ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِیْرًا ۝ قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی ۝ (بورڈ2023ء) 091102042

ترجمہ: بے شک تو ہمیں خوب دیکھنے والا ہے۔ (اللہ نے) فرمایا اے موسیٰ! تمھیں دے دیا گیا جو کچھ تم نے مانگا ہے۔

☆ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَیْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓی ۝ 091102043

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تم پر احسان کیا تھا ایک بار اور بھی۔

## مشقی تفصیلی سوالات

تفصیلی جواب دیجیے۔

**سوال نمبر 5۔ سورۃ طٰہٰ کا تعارف اور مضامین تحریر کیجیے۔ "یا" سورۃ طٰہٰ کے بارے میں ایک مفصل مضمون تحریر کریں۔** (بورڈ2023ء) 091102044

## تعارف

**مکی مدنی:**

سورۃ طٰہٰ مکی سورت ہے۔

**آیات:**

اس میں ایک سو پینتیس (135) آیات ہیں۔

www.ilmkidunya.com

**وجہ تسمیہ:**

سورۃ طٰہٰ ان سورتوں میں سے ہے جن کے نام حروفِ مقطعات پر رکھے گئے ہیں۔اس سورت کا آغاز حروفِ مقطعات میں سے ''طٰہٰ'' سے ہوتا ہے اور اسی نسبت سے اس سورت کا نام رکھا گیا ہے۔

**حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کا بیان:**

سورۃ طٰہٰ کے آٹھ میں سے پانچ رکوعوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی بیان فرمائی گئی ہے۔

**نبی پاک خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کا فرمان:**

جن سورتوں کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے فرمایا: کہ یہ میرا قدیم مال اور قیمتی اثاثہ ہیں ان میں سے ایک سورۃ طٰہٰ بھی ہے۔(صحیح بخاری کتاب تفسیر القرآن 4739)

**حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قبولِ اسلام:**

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کے واقعہ میں یہ تذکرہ ملتا ہے کہ جب وہ اپنی بہن کے گھر تشریف لے گئے اور انھوں نے اپنی بہن سے سورۃ طٰہٰ کی تلاوت سنی تو ان کے دل میں اسلام گھر کر گیا اور انھوں نے اسی وقت اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کیا۔

**خلاصہ:**

سورۃ طٰہٰ کا خلاصہ ''حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی تذکرہ اور پھر توحید، رسالت اور آخرت کا بیان'' ہے۔

## مضامین

**حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ:**

سورۃ طٰہٰ کے آٹھ میں سے پانچ رکوعوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی بیان فرمائی گئی ہے۔

**سورۃ طٰہٰ کے آخری تین رکوع:**

سورۃ طٰہٰ کے آخر کے تین رکوعوں میں توحید، رسالت اور آخرت کا بیان ہے۔اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرتوں اور صفات کا ذکر ہے۔

**سورۃ طٰہٰ کے آخر میں اللہ کے قانون کا تذکرہ:**

سورۃ طٰہٰ کے آخر میں یہ سمجھایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ وہ کسی قوم کو اس کے کفر اور انکار پر فوراً نہیں پکڑتا بلکہ مہلت دیتا ہے۔اس لیے حق والوں کو صبر کے ساتھ دین کی دعوت کا کام کرتے رہنے چاہییں اور حق کا انکار کرنے والوں کے معاملے میں جلد بازی اور بے صبری کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے۔

**حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے مراحل:**

سورۃ طٰہٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے تین مراحل بیان کیے گئے ہیں:

i۔ پیدائش سے مدین ہجرت فرمانے تک۔
ii۔ مدین سے صحرائے سینا کی طرف ہجرت۔
iii۔ صحرائے سینا ہجرت کے بعد سے وصال تک کا دور۔

## علمی و عملی نکات

سورۃ طٰہٰ کا مطالعہ کرنے سے جو علمی و عملی نکات معلوم ہوتے ہیں، ان میں کچھ یہ ہیں:

**کامل علم:**

اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا مکمل علم ہے دنیا میں کوئی چیز اس سے چھپی ہوئی نہیں۔ (سورۃ طٰہٰ:8)

**ہدایت کی پیروی:**

دنیا اور آخرت کی سلامتی ان کے لیے ہے جو ہدایت کی پیروی کریں۔ (سورۃ طٰہٰ:47)

www.ilmkidunya.com

**نصیحت سے اعراض:**

نصیحت سے اعراض کرنے والے قیامت کے دن بہت پچھتائیں گے۔ (سورۃ طٰہٰ:100)

**اللہ تعالیٰ کا فیصلہ:**

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہی فیصلہ فرمائے گا کہ کون سفارش کرے۔ (سورۃ طٰہٰ:109)

**علم میں اضافے کی دعا:**

ہمیں اللہ تعالیٰ سے اپنے علم میں اضافہ کی دعا کرتے رہنا چاہیے۔ (سورۃ طٰہٰ:113)

**شیطان کا وسوسہ:**

شیطان ہمارا دشمن ہے جو وسوسہ ڈال کر ہم سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کروانا چاہتا ہے۔ (سورۃ طٰہٰ:120)

**شرم وحیا کی فطرت:**

اللہ تعالیٰ نے انسان میں شرم وحیا کی فطرت رکھی ہے۔ ہمیں بے حیائی اور بے پردگی سے بچنا چاہیے۔ (سورۃ طٰہٰ:121)

**قرآن مجید پر عمل نہ کرنے والوں کی حالت:**

قرآن مجید پر عمل نہ کرنے والوں کی دنیاوی زندگی تنگ کر دی جاتی ہے۔ یعنی ان کی دنیا ویران کر دی جاتی ہے۔ (سورۃ طٰہٰ:124)

**سابقہ قوموں کے کھنڈرات:**

سابقہ قوموں کے کھنڈرات ہمارے لیے عبرت کے نشانات ہیں۔ (سورۃ طٰہٰ:128)

**نماز کی ادائیگی:**

ہمیں نمازوں کو وقت کی پابندی کے ساتھ ادا کرنا چاہیے۔ (سورۃ طٰہٰ:130)

**دنیا کی نعمتیں:**

دنیا کی نعمتیں ہماری آزمائش اور امتحان کے لیے ہیں۔ (سورۃ طٰہٰ:131)

**سب سے بڑا معجزہ:**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ قرآن مجید ہے۔ (سورۃ طٰہٰ:133)

**کامیاب اور ناکام:**

کون کامیاب ہے اور کون ناکام اس کا فیصلہ قیامت کے دن ہوگا۔ (سورۃ طٰہٰ:135)

www.ilmkidunya.com